DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

**مورخہ 20-05-2023**

| نمبرشمار | اھم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | ژوب سراج الحق کی گاڑی پر خودکش حملہ 5افراد زخمی امیر جماعت اسلامی معجزانہ طور پر محفوظ رہے وزیراعظم وزیراعلیٰ کی مذمت | جنگ ودیگراخبارات |
| 02 | فیوچر روڈ میپ کے عملی نفاذ کی جلد خوشخبری دینگے، گورنر کاکڑ۔ | مشرق ودیگراخبارات |
| 03 | مستونگ موٹرسائیکل سواروں کی پولیوٹیم پر فائرنگ سیکورٹی اہلکار شہید ذمہ داران کو جلد گرفتار کیا جائے گورنر، وزیراعلیٰ | مشرق ودیگراخبارات |
| 04 | تعمیری معاشرے کی تشکیل کیلئے ثقافت کا فروغ ناگزیر ہے، عبدالقدوس بزنجو۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 05 | مستونگ واقعے کے ملزمان جلد گرفتار کیے جائیں، ضیاء لانگو۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 06 | کسی کو بلوچستان کا امن تباہ کرنیکی اجازت نہیں دینگے صوبائی وزراء۔ | آزادی ودیگراخبارات |
| 07 | تخریبی کارروائیوں کے خاتمے کیلئے راست اقدامات اٹھائے جائیں، مولانا واسع۔ | مشرق ودیگراخبارات |
| 08 | جماعت اسلامی کے قافلے اور مستونگ میں پولیوٹیم پر حملہ قابل مذمت ہے نور محمد دمڑ۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 09 | ڈومیسائل اور لوکل کی بنیاد پر امتیازی روئے قابل قبول نہیں، ڈاکٹر ربابہ بلیدی۔ | سینچری ودیگراخبارات |
| 10 | ژوب کی پرامن فضا کسی کو خراب کرنے نہیں دینگے، مٹھا خان کاکڑ۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 11 | دالبندین سنی رابطہ کونسل کے زیراہتمام پاکستان اور افواج کے حق میں ریلی۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 12 | پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن 32افراد گرفتار۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 13 | پولیو سے پاک پاکستان ہمارا مشن ہے ترجمان حکومت بلوچستان۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 14 | عوام کے بنیادی مسائل کا حل میری ترجیحات میر جمال رئیسانی۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 15 | سیاسی رہنما سب سے زیادہ عدم تحفظ کا شکار ہیں عبدالمالک۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 16 | پی ڈی ایم سی کی نجکاری کسی صورت منظور ی عبدالقہار ودان۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 17 | 9مئی کو انتشار پھیلانے والوں کو کٹہرے میں لایا جائے، سینیٹر عبدالقادر۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 18 | پٹ فیڈر کینال کی بھل صفائی میں کرپشن کا نوٹس لیا جائے، کوئٹہ بار۔ | جنگ ودیگراخبارات |

## امن وامان

ژوب سراج الحق کے قافلے پر خودکش حملہ 6 کارکن زخمی حملہ آور مارا گیا، مستونگ فائرنگ سے پولیوٹیم کی حفاظت پر مامور پولیس اہلکار شہید، پشین سابق ایم پی اے لیاقت آغا کے گھر پر حملہ دستی بم پھٹنے سے بیٹا زخمی، قلات پولیس کی منشیات کے خلاف کامیاب کاروائی منشیات فروش گرفتار۔

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 20-05-2023

## عوامی مسائل

تالابوں میں ذخیرہ ختم ڈیرہ اللہ یار کے شہریوں کو پانی کے بدترین بحران کا سامنا، تربت ڈینگی کے بڑھتے کیسیز ہسپتالوں کا مزید مریض داخل کرنے سے انکار،، چمن شناختی کارڈ کیلئے لوگوں کو جعلی سازی سے خاندان میں شامل کرنیکا انکشاف ۔،ایک سال سے کھلے آسمان تلے پڑے سیلاب متاثرین امداد کے منتظر، ڈھاڈر و گردنو اح میں ملیریا وبا کی شکل اختیار کر رہی ہے،

## اداریہ:

روزنامہ آزادی کوئٹہ نے **"پاک ایران تعلقات میں نئی پیشرفت بجلی ٹرانسمیشن لائن اور بارڈر مارکیٹ کا افتتاح !!"** کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے پاک ایران تعلقات میں اہم پیشرفت سامنے آئی ہے۔ وزیراعظم پاکستان شہباز شریف اور ایرانی صدر ابراہیم رئیسی نے پاکستان اور ایران کے درمیان سرحد پر تجارت کے فروغ کیلئے بارڈر مارکیٹ کا افتتاح کردیا بارڈر مارکیٹ کے قیام سے سرحد کے دونوں اطراف رہنے والے لوگوں کے لئے روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے اور سمگلنگ کی روک تھام ہو سکے گی۔ اس کے علاوہ پولان گبد ٹرانسمیشن لائن سے ایران سے 100 میگاواٹ اضافی بجلی ملے گی۔ اس موقع پر وزیر خزانہ خارجہ بلاول بھٹو زرداری اور وزیر اطلاعات مریم اورنگزیب بھی موجود تھیں۔ دونوں ممالک نے ایک فہرست شائع کی ہے۔ ایران سمیت ہمسایہ ممالک کے درمیان بہترین معاشی سفارتی اور دفاعی تعلقات خطے کے لئے گیم چینجر ثابت ہوں گی۔ امید ہے کہ مستقل بنیادوں پر پاک ایران تعلقات آگے بڑھیں گی اور ترقیاتی منصوبوں میں کوئی تاخیر نہیں کی جائے گی تا کہ پاکستان میں موجود معاشی بحران کا خاتمہ یقینی ہو سکے۔

## اداریے:

روزنامہ باخر کوئٹہ نے **"نئی مردم شماری بلوچستان کی آبادی میں 74فیصد اضافہ"** کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔
روزنامہ باخبر کوئٹہ نے **"لاپتہ افراد جائزے کا دوسرا رخ"** کے عنوان سے اشرف شریف کا مضمون تحریر کیا ہے۔

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

گورنر، وزیراعلیٰ، وزراء

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان**

**Daily:** MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 1　　DATE: 20 MAY 2023　　Page No: 1

# ژوب، سراج الحق کی گاڑی پر خودکش حملہ، 5 افراد زخمی، امیر جماعت اسلامی معجزانہ طور پر محفوظ رہے

وزیراعظم و وزیراعلیٰ کی مذمت

سراج الحق جلسہ عام سے خطاب کرنے کیلئے ژوب پہنچے تو نیواڈہ کے مقام پر سراج الحق کی گاڑی کے قریب ایک خودکش حملہ آور نے خود کو دھماکے سے اڑا لیا خوش قسمتی سے خودکش جیکٹ مکمل نہ پھٹ سکی

دھماکے میں سراج الحق مکمل طور پر محفوظ رہے واقعے کے بعد انہیں پولیس لائن ژوب منتقل کر دیا گیا، دھماکے میں زخمی ہونے والے افراد کو طبی امداد کیلئے ژوب کے ہسپتال منتقل کر دیا گیا، پولیس حکام

موت اور زندگی اللہ کے ہاتھ میں ہے، جماعت اسلامی ملک ہر شہری کیلئے عزت کی زندگی چاہتی ہے ہر غریب کا بچہ تعلیم حاصل کرے بلوچستان کے مسائل جماعت اسلامی حل کریگی، سراج الحق

حکمرانوں کی وجہ سے ملک سیاسی معاشی اور آئینی بحران کا شکار ہے اگر عوام ہمت نہ کرے اور صحیح نمائندوں کا انتخاب کرے تو ملک ایک ترقی یافتہ اور خوشحال اسلامی ملک بن سکتا ہے، جلسے سے خطاب

اللہ کا شکر ہے سراج الحق محفوظ رہے، ان سے یکجہتی کا اظہار کرتے ہیں، دہشت گرد تمام پاکستانیوں کے دشمن ہیں، پوری قوم دہشت گردوں کے خلاف متحد اور یک جان ہے، وزیراعظم شہباز شریف

4 سال کا قیمتی وقت ضائع نہ کیا جاتا تو دہشت گردی واپس نہ آتی، وزیراعظم نے وزیراعلیٰ بلوچستان سے واقعے کی رپورٹ طلب کر لی، جاں بحق شخص کے اہل خانہ سے ہمدردی و افسوس کا اظہار

کوئٹہ/ژوب (این این آئی + آن لائن) جماعت اسلامی کے امیر سراج الحق کی گاڑی پر ژوب میں خودکش حملہ، سراج الحق معجزانہ طور پر محفوظ رہے، حملہ آور ہلاک جبکہ 5 افراد زخمی ہوگئے۔ پولیس حکام کے مطابق جمعہ کو جماعت اسلامی کے مرکزی امیر سراج الحق جلسہ عام سے خطاب کرنے کے لئے بلوچستان کے علاقے ژوب پہنچے تو ژوب میں نیواڈہ کے مقام پر سراج الحق کی گاڑی کے قریب ایک خودکش حملہ آور نے اپنے آپ کو دھماکے سے......

بقیہ نمبر2 صفحہ 9 پر

اڑا لیا تاہم خودکش جیکٹ مکمل نہ پھٹنے کی وجہ سے حملہ آور موقع پر ہلاک جبکہ پانچ افراد زخمی ہوگئے۔ پولیس حکام کے مطابق دھماکے میں سراج الحق مکمل طور پر محفوظ رہے واقعہ کے بعد انہیں پولیس لائن ژوب منتقل کر دیا گیا۔ پولیس حکام کے مطابق دھماکے میں زخمی ہونے والے افراد کو طبی امداد کے لئے ژوب کے ہسپتال منتقل کر دیا گیا جبکہ جائے وقوعہ سے شواہد اکٹھے کرنے کے بعد واقعہ کی تحقیقات شروع کر دی گئیں۔ دریں اثناء جماعت اسلامی کے امیر سراج الحق کے قافلے پر خودکش حملے کے وقت کی فوٹیج بھی منظر عام پر آگئی۔ جماعت اسلامی کے صوبائی میڈیا سیل کی جانب سے فراہم کی گئی ڈرون کیمرے سے بنائی گئی ویڈیو میں دیکھا جاسکتا ہے سراج الحق سفید رنگ کی ڈبل کیبن گاڑی میں سوار ہو کر جا رہے ہیں کہ اچانک اگلی گاڑی کے قریب دھماکہ ہوتا ہے۔

## صدر مملکت اور دیگر رہنماؤں کا سراج الحق سے ٹیلیفونک رابطہ

**ژوب واقعہ کی شدید مذمت، امیر جماعت اسلامی کی خیریت دریافت کی**

کوئٹہ (یو این اے، زاہد احمد خان) صدر پاکستان ڈاکٹر سید عارف علوی، چیئرمین سینٹ صادق سنجرانی، گورنر سندھ کامران ٹیسوری، وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ......

بقیہ نمبر10 صفحہ 9 پر

پرویز الٰہی، چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی، پی ڈی ایم کے صدر، جے یو آئی کے امیر مولانا فضل الرحمن، رہنما پی ٹی آئی پرویز خٹک، مسلم لیگ ن کے رہنما احسن اقبال، جے یو آئی نظریاتی کے مولانا عبدالقادر لونی، سینئر صحافی سلیم صافی نے فون کر کے امیر جماعت اسلامی سراج الحق کی خیریت دریافت کی اور خودکش دھماکے میں ساتھیوں سمیت بچ جانے پر اطمینان کا اظہار اور زخمیوں کی صحت یابی کی دعا کی۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1    DATE: 20 MAY 2023    Page No: 2

## فیوچر روڈ میپ کے عملی نفاذ کی جلد خوشخبری دینگے، گورنر کاکڑ

**یونیورسٹیز کے مالی، انتظامی اور تدریسی مسائل کو مستقل بنیادوں پر حل کرنا ہوگا**

**اُمید ہے ماہرین تعلیم بحرانوں سے نکلنے میں ہماری رہنمائی کرینگے، وائس چانسلرز کانفرنس سے خطاب**

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ نے کوئٹہ میں منعقدہ "آل بلوچستان پبلک سیکٹر یونیورسٹیز وائس چانسلرز کانفرنس" کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آج کی پہلی آل وائس چانسلرز کانفرنس کو تاریخ میں سنہرے الفاظ سے لکھا جائے گا اور یہ تاریخی کانفرنس وقت و زمان کے اعتبار سے بھی بہت مناسب ہے، انہوں نے کہا کہ یونیورسٹی محض ایک تعلیمی اور تحقیقی ادارہ نہیں بلکہ موجود یونیورسٹیز سے ہماری آنے والی نسلوں کی زندگیاں بھی وابستہ ہیں، گورنر بلوچستان ہمیں اپنی قومی ترجیحات کا تعین کرنے اور بالخصوص یونیورسٹیز کے مالی، انتظامی اور تدریسی مسائل کو مستقل بنیادوں پر حل کرنے کیلئے ایک جامع حکمت عملی وضع کرنی ہوگی، پہلی آل وائس چانسلرز کانفرنس کے آغاز کے موقع پر تمام وائس چانسلرز، پولیٹیکل اسٹیبلشمنٹ، ہائیر ایجوکیشن کمیشن کے نمائندے، صوبائی سیکرٹریز، ایجوکیشنسٹس اور ریسرچرز بھی شریک تھے اور اس تاریخی کانفرنس کے اختتام پر شرکاء کی تجاویز اور سفارشات اسٹریٹیجک پلان کو حتمی شکل دی جائے گی، گورنر ملک عبدالولی خان کاکڑ نے کہا کہ اس اسٹریٹیجک پلان سے محض بلوچستان کو نہیں بلکہ ملک بھر کی تمام سرکاری اور پرائیویٹ یونیورسٹیز کو رہنمائی ملے گی، شرکاء سے خطاب میں گورنر بلوچستان نے کہا کہ پبلک سیکٹر یونیورسٹیز کو خود کفیل بنانے، صحت مند تعلیمی ماحول کو پروان چڑھانے اور اسٹوڈنٹس کے مستقبل کو تحفظ دینے جیسے معاملات انتہائی حساس اور سنجیدہ مسئلے ہیں، تمام اجتماعی پیچیدہ مسائل پر بہت عالمانہ، فلسفیانہ اور دانشورانہ انداز میں سیر حاصل گفتگو اور مشاورت کی ضرورت ہے، انہوں نے توقع ظاہر کی کہ پہلی مرتبہ وائس چانسلرز کانفرنس کے کامیاب انعقاد کے بعد یہ اُمید ہے کہ یہاں شریک مفکرین اور ماہرین تعلیم موجودہ بحرانوں سے نکلنے میں ہماری رہنمائی کرینگے، اس ضمن میں ہم سب پر بڑی ذمہ داریاں عائد ہوتی ہیں کہ ہم اپنے اعلیٰ تعلیمی اداروں کو مستحکم بنانے کیلئے افہام و تفہیم اور مشاورت سے مستقبل کا نیا وژن فراہم کرتے ہے۔ گورنر بلوچستان نے کہا کہ پل پل بدلتی دنیا کے جدید تقاضوں سے ہم آہنگ دانشمندانہ و جرات مند قیادت ہی ہماری یونیورسٹیوں کو درپیش چیلنجز سے نجات دلا سکتی ہے، گورنر بلوچستان نے شرکاء کو یقین دلایا کہ پہلی آل وائس چانسلرز کانفرنس کی نئی تاریخ رقم کرنے کے بعد آپ سب گواہ رہیں کہ بہت جلد ہم آپ کو "فیوچر روڈ میپ" کے عملی نفاذ کی خوشخبری بھی دیں گے، قبل ازیں قائمقام وائس چانسلر ڈاکٹر عبدالرحمن نے پہلی آل وائس چانسلرز کانفرنس کے اغراض و مقاصد پر روشنی ڈالی۔

MASHRIQ QUETTA

## مستونگ موٹر سائیکل سواروں کی پولیو ٹیم پر فائرنگ سیکورٹی اہلکار شہید

**ذمہ داران کو جلد گرفتار کیا جائے گورنر، وزیراعلیٰ**

**ٹیم میں خواتین بھی شامل تھیں جو معجزانہ طور پر محفوظ رہیں، میت کو ریسانی ہسپتال منتقل کر دیا گیا، فورسز نے تمام راستوں کی ناکہ بندی کر دی**

**شہید کے لواحقین نے شہید کی میت کو کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ پر ڈی سی ہاؤس کے سامنے رکھ کر روڈ کو بلاک کرکے بچار گھنٹوں تک دھرنا دیا**

**بچوں کو صحت مند مستقبل فراہم کرنیوالوں پر فائرنگ بزدلی، عبدالولی کاکڑ، پولیو مہم کیخلاف سازش کرنیوالے قوم کے دشمن ہیں، میر عبدالقدوس بزنجو**

مستونگ (نامہ نگار + خ ن) مستونگ میں پولیو ٹیم پر حملہ سیکورٹی ڈیوٹی ........ بقیہ نمبر 7 صفحہ 9 پر

پر معمور ایک پولیس اہلکار شہید، تفصیلات کے مطابق مستونگ شہر نواحی علاقہ کلی کاریز سور میں دن گیارہ بجے کے قریب پولیو ٹیم پر نامعلوم مسلح موٹر سائیکل سواروں افراد نے فائرنگ کی فائرنگ سے پولیو ٹیم کی سیکورٹی پر معمور ایک پولیس اہلکار شہزاد قدوس ہنگوری شہید ہوگئے۔ میت کو شہید نواب غوث بخش ریسانی ہسپتال منتقل کیا گیا، پولیو ٹیم میں خواتین بھی شامل تھی جو معجزانہ طور پر محفوظ رہے، واقعے کے بعد سکورٹی فورسز موقعے پر پہنچ کر تمام راستوں کی ناکہ بندی کرکے ملزمان کی تلاش شروع کر دیا، دوسری جانب واقعے کی اطلاع ملنے پر شہید کے لواحقین بہت بڑی تعداد میں ہسپتال پہنچ گئے اور لواحقین نے شہید کی میت کو کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ پر ڈی سی ہاؤس کے سامنے رکھ کر روڈ کو بلاک کرکے بچار گھنٹوں تک دھرنا دیا۔ دھرنے کیا قیادت نیشنل پارٹی کے مرکزی نائب صدر و سابق ایم این اے سردار کمال خان بنگلزئی کر رہے تھے۔

## جدید تقاضوں سے ہم آہنگ قیادت ہی یونیورسٹیوں کو درپیش چیلنجز سے نجات دلا سکتی ہے، عبدالولی کاکڑ

**ہمیں اپنی قومی ترجیحات کا تعین، بالخصوص یونیورسٹیز کے مالی، انتظامی اور تدریسی مسائل کو مستقل حل کرنے کیلئے ایک جامع حکمت عملی وضع کرنی ہوگی**

**یونیورسٹی محض ایک تعلیمی اور تحقیقی ادارہ نہیں بلکہ موجود یونیورسٹیز سے ہماری آنے والی نسلوں کی زندگیاں بھی وابستہ ہیں، گورنر کا کانفرنس سے خطاب**

کوئٹہ (یو این اے) گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ نے صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں منعقدہ "آل بلوچستان پبلک سیکٹر یونیورسٹیز وائس چانسلرز کانفرنس" کے شرکا سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آج کی پہلی آل وائس چانسلرز کانفرنس کو تاریخ میں سنہرے الفاظ سے لکھا جائے گا اور یہ تاریخی کانفرنس وقت و زمان کے اعتبار سے بھی بہت مناسب ہے۔ انہوں نے کہا کہ یونیورسٹی محض ایک تعلیمی اور تحقیقی ........ بقیہ 41 صفحہ نمبر 9 پر

ادارہ نہیں بلکہ موجود یونیورسٹیز سے ہماری آنے والی نسلوں کی زندگیاں بھی وابستہ ہیں۔ گورنر بلوچستان ہمیں اپنی قومی ترجیحات کا تعین کرنے اور بالخصوص یونیورسٹیز کے مالی، انتظامی اور تدریسی مسائل کو مستقل بنیادوں پر حل کرنے کیلئے ایک جامع حکمت عملی وضع کرنی ہوگی۔ پہلی آل وائس چانسلرز کانفرنس کے آغاز کے موقع پر تمام وائس چانسلرز صاحبان، پولیٹیکل اسٹیبلشمنٹ، ہائیر ایجوکیشن کمیشن کے نمائندے، صوبائی سیکرٹریز، ایجوکیشنسٹس اور ریسرچرز بھی شریک تھے۔

# CLIPPING SERVICE


**DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1 DATE: 20 MAY 2023 Page No: 4


## ہزارہ قوم اپنی منفرد روایتوں کی امین ہے، وزیراعلیٰ بزنجو

**تعمیری معاشرے کی تشکیل کے لئے ثقافت کا فروغ ناگزیر ہے، ہزارہ کلچر ڈے پر پیغام**

کوئٹہ(خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے ہزارہ ثقافتی دن پر ملک صوبے اور دنیا بھر میں بسنے والی تمام ہزارہ برادری کو دل کی گہرائیوں سے مبارکباد دی ہے اپنے ایک تہنیتی پیغام میں وزیراعلیٰ نے کہا ہے کہ ہزارہ قوم اپنی منفرد روایتوں کی امین ہے ہزارہ ثقافت، طرز زندگی بود و باش، پہناوا اور پکوان بلوچ کلچر کو نمایاں اور منفرد بناتا ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ کلچر ڈے ہزارہ قوم کو رواداری، عدل و انصاف یگانگت اور اپنے کلچر سے جڑے رہنے کا درس دیتا ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ ہزارہ کلچر ڈے منانے کا مقصد ان تمام ہزارہ روایات کو زندہ رکھنا ہے جو وقت کے ساتھ معدوم ہوتی جارہی ہیں ہمیں اپنی آنے والی نسلوں کو اپنی منفرد طرز زندگی اور ثقافت سے آگاہ کرنا ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ کسی بھی قوم اور علاقے کی ثقافت اس کی پہچان ہوتی ہے اور زندہ اور باشعور قومیں کبھی اپنی روایات نہیں بھولتیں انہوں نے کہا کہ ایک تعمیری معاشرے کی تشکیل کے لئے ثقافت کا فروغ ناگزیر ہے اور ایسے دن کے منانے کا مقصد بھی اپنے منفرد ثقافت سے دنیا کو روشناس کرانا ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ ہزارہ کلچر ڈے ایک ایسا سنہرا دن ہے جو نوجوانوں میں حب الوطنی اور قوم کی خدمت کے جذبے کو تقویت دیتا ہے یہ دن ہمیں درس دیتا ہے کہ ہم ہر قسم کی تخریبی سوچ کی نفی کرتے ہوئے ایک تعمیری اور خوشحال معاشرے کی جانب اپنا کردار ادا کریں بلوچستان کے نوجوان محب وطن اور باشعور ہیں اور اب وہ دشمن کے کسی بہکاوے میں نہیں آئیں گے انہوں نے کہا کہ حکومت بھی ایسی پالیسی پر عمل پیرا ہے کہ صوبے کے نوجوانوں کی درست سمت میں رہنمائی کرتے ہوئے انہیں علم و ہنر سے آراستہ کرے اور انہیں وہ تربیت فراہم کرے جو ان کی تخلیقی صلاحیتوں کو مزید بہتر انداز سے اجاگر کرنے کا باعث بنے تاکہ ہمارے صوبے کے نوجوان ملکی اور بین الاقوامی سطح پر اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوا سکیں اور بلوچستان کے لیے فخر کا باعث بن سکیں۔

## نصیر کاکڑ پر حملے میں ملوث عناصر کو گرفتار کیا جائے، وزیراعلیٰ بزنجو

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے سینیٹر منظور احمد خان کاکڑ کے بھائی نصیر احمد خان کاکڑ پر فائرنگ کے واقعہ کی مذمت اور فائرنگ سے نصیر کاکڑ اور دو راہگیروں کے زخمی ہونے پر دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے وزیراعلیٰ نے زخمیوں کو بہترین طبی سہولتوں کی فراہمی اور ڈی آئی جی کوئٹہ کو واقعہ میں ملوث عناصر کی گرفتاری کو ہر صورت یقینی بنانے کی ہدایت کی ہے وزیراعلیٰ نے زخمیوں کی جلد صحت یابی کی دعا کی ہے۔

## وزیراعلیٰ نے محکمہ مواصلات و تعمیرات کی بھیجی گئی سمری منظور کرلی

کوئٹہ(خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے انجینئر (ہیڈ کوارٹر) کمیونیکیشن خضدار زون عبدالرحمن گورمانی کو (C&W/B-18) ایگزیکٹو انجینئر (OSD) کی بطور قائم مقام سپرنٹنڈنگ انجینئر، چیف انجینئر (HQ) کمیونیکیشن CW.PP&HD خضدار زون کے دفتر میں تعیناتی سے متعلق محکمہ مواصلات و تعمیرات کی جانب سے ارسال کی جانے والی سمری پر منظوری دے دی واضح رہے کہ چیف انجینئر (HQ) کمیونیکیشن PP&HDCW خضدار زون کے دفتر کے سپرنٹنڈنگ، انجینئر (B-19) کا عہدہ 2022-9-01 کو اپنے عہدے دار کی ریٹائرمنٹ کی وجہ سے خالی ہوگیا ہے مذکورہ عہدہ ایک اہم انتظامی عہدہ ہے اور اسے خالی نہیں چھوڑا جا سکتا جناب عبدالرحمن گورمانی، ایگزیکٹو انجینئر (15-18/سول) فی الحال 2023-4-03 سے محکمہ میں پوسٹنگ آرڈر کا انتظار کر رہے ہیں، ایک قابل انجینئر ہیں جو محکمہ کے تکنیکی امور کے انتظام میں گہرا علم رکھتے ہیں۔


MASHRIQ QUETTA


# تعمیری معاشرے کی تشکیل کیلئے ثقافت کا فروغ ناگزیر ہے عبدالقدوس بزنجو

**کسی بھی قوم اور علاقے کی ثقافت اس کی پہچان ہوتی ہے، بلوچستان کے نوجوان محب وطن اور باشعور ہیں اور اب وہ دشمن کے کسی بہکاوے میں نہیں آئیں گے**

**حکومت بھی ایسی پالیسی پر عمل پیرا ہے کہ صوبے کے نوجوانوں کی درست سمت میں رہنمائی کرتے ہوئے انہیں علم و ہنر سے آراستہ کرے، وزیراعلیٰ بلوچستان**

**ہزارہ قوم اپنی منفرد روایتوں کی امین ہے، ہزارہ ثقافت، طرز زندگی، بود و باش، پہناوا اور پکوان بلوچ کلچر کو نمایاں اور منفرد بناتا ہے، ہزارہ کلچر ڈے پر تہنیتی پیغام**

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے ہزارہ ثقافتی دن پر ملک صوبے اور دنیا بھر میں بسنے والی تمام ہزارہ برادری کو دل کی گہرائیوں سے مبارکباد دی ہے اپنے ایک تہنیتی پیغام میں وزیراعلیٰ نے کہا ہے کہ ہزارہ قوم اپنی منفرد روایتوں کی امین ہے.........

بقیہ نمبر 6 صفحہ 9 پر

ہزارہ ثقافت، طرز زندگی بود و باش، پہناوا اور پکوان بلوچ کلچر کو نمایاں اور منفرد بناتا ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ کلچر ڈے ہزارہ قوم کو رواداری، عدل و انصاف یگانگت اور اپنے کلچر سے جڑے رہنے کا درس دیتا ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ ہزارہ کلچر ڈے منانے کا مقصد ان تمام ہزارہ روایات کو زندہ رکھنا ہے جو وقت کے ساتھ معدوم ہوتی جارہی ہیں ہمیں اپنی آنے والی نسلوں کو اپنی منفرد طرز زندگی اور ثقافت سے آگاہ کرنا ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ کسی بھی قوم اور علاقے کی ثقافت اس کی پہچان ہوتی ہے اور زندہ اور باشعور قومیں کبھی بھی اپنی روایات نہیں بھولتیں انہوں نے کہا کہ ایک تعمیری معاشرے کی تشکیل کے لئے ثقافت کا فروغ ناگزیر ہے۔

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

DATE: 20 MAY 2023

Page No: 5


## مستونگ واقعے کے ملزمان جلد گرفتار کیے جائیں، ضیاء لانگو

**ڈی سی ذاتی نگرانی میں فوری اقدامات یقینی بنائیں، وزیر داخلہ کا بیان**

کوئٹہ (خ ن) وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیاء اللہ لانگو نے مستونگ واقعے پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے متعلقہ حکام سے رپورٹ طلب کرلی اور کہا کہ ملزمان کی جلد گرفتاری کیلئے ڈپٹی کمشنر ذاتی نگرانی میں فوری اقدامات یقینی بنائیں انہوں نے کہا کہ ملزمان کو جلد از جلد گرفتار کرکے قانون کے کٹہرے میں پیش کیا جائے اور ملزمان کو قرار واقعی سزائیں دلوائی جائیں وزیر داخلہ نے شہید اہلکار کی جنت میں بلند درجات اور لواحقین کیلئے صبر جمیل کی دعا کی۔


MASHRIQ QUETTA


## کسی کو بلوچستان کا امن تباہ کرنے کی اجازت نہیں دینگے، صوبائی وزراء

**ہم نے بڑی قربانیاں دے کر صوبے میں امن قائم کیا ہے سراج الحق کے قافلے پر خودکش حملے میں ملوث دہشتگرد افراد کو معاف نہیں کیا جائے گا، ضیاء لانگو**

**ژوب کے عوام مہمان نواز محب وطن اور پر امن ہیں، بیرونی عناصر کو ژوب اور بلوچستان کی پر امن فضا خراب نہیں کرنے دیں گے، مٹھا خان کاکڑ**

کوئٹہ (خ ن)۔ وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیاء اللہ لانگو نے ژوب جماعت اسلامی کے سربراہ سراج الحق کے قافلے پر دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے وزیر داخلہ نے واقعہ کی رپورٹ طلب کرلی وزیر داخلہ نے ......


بقیہ نمبر 34 صفحہ 9 پر


اللہ پاک کا شکر ادا کرتے ہوئے کہا کہ سراج الحق صاحب محفوظ ہیں اور اللہ پاک انہیں زندگی صحت عطا فرمائے انہوں نے کہا کہ کسی کو بلوچستان کا امن تباہ کرنے کی اجازت نہیں دیں گے۔ ہم نے بڑی قربانیاں دے کر صوبے میں امن قائم کیا ہے واقعہ میں ملوث دہشتگرد افراد کو معاف نہیں کیا جائے گا ہم نے دہائیوں سے بدترین دہشت گردی کا شکار ہیں اور اس شیطانی عمل کے پیچھے ہمارے اندرونی اور بیرونی دشمنوں کا ہاتھ ہے وزیر داخلہ نے زخمیوں کی جلد اور مکمل صحت یابی کیلئے دعا اور شہداء کی درجات کی بلندی کیلئے دعا بھی کی دریں اثناء مشیر اطلاعات مٹھا خان کاکڑ نے ژوب میں امیر جماعت اسلامی سراج الحق کے قافلے کے قریب خودکش دھماکے کی مذمت کرتے ہوئے دہشت گردی کے واقعہ میں امیر جماعت اسلامی کے محفوظ رہنے پر اطمینان کا اظہار کیا ہے مشیر اطلاعات نے واقعہ میں پانچ افراد کے زخمی ہونے پر دلی افسوس کا اظہار کیا ہے۔

### تخریبی کارروائیوں کے خاتمے کیلئے راست اقدامات اٹھائے جائیں، مولانا واسع

**ژوب میں جماعت اسلامی کے امیر پر قاتلانہ حملے کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے، وفاقی وزیر**

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر وفاقی وزیر ہاسنگ مولانا عبدالواسع صوبائی جنرل سیکرٹری رکن قومی اسمبلی مولانا سید آغا محمود شاہ ......


بقیہ نمبر 33 صفحہ 9 پر


نائب امیر مولانا محمد سرور موسیٰ خیل صوبائی سرپرست مولانا عبدالرحمن رفیق صوبائی جوائنٹ سیکرٹری مولانا خورشید احمد صوبائی سیکرٹری اطلاعات دلاور خان کاکڑ مولانا عبدالخالق مری اور دیگر نے جماعت اسلامی کے امیر سراج الحق پر قاتلانہ حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس قسم کے تخریبی کارروائیوں کے خاتمے کے لیے راست اقدامات اٹھائے جانے کی ضرورت ہے۔

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان**

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 11 DATE: 20 MAY 2023 Page No: 19

## مستونگ: فائرنگ سے پولیو ٹیم کی حفاظت پر مامور پولیس اہلکار شہید

**واقعہ کاریز سور میں پیش آیا، ٹیم محفوظ، لواحقین کا قومی شاہراہ پر دھرنا، علاقے میں پولیو مہم معطل**

**ملوث عناصر کو گرفتار کرکے انصاف کے کٹہرے میں لایا جائے، گورنر، وزیراعلیٰ ودیگر کا اظہار مذمت**

مستونگ/کوئٹہ (نامہ نگار/خ ن) پولیو مہم کے دوران حفاظت پر مامور پولیس کانسٹیبل نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے شہید ہوگیا، تفصیلات کے مطابق صوبے کے مختلف اضلاع میں سات روزہ پولیو کی قومی مہم جاری ہے جمعہ کی صبح 11 بجے مستونگ شہر سے دو کلومیٹر مغرب کی طرف کلی کاریز سور میں نامعلوم افراد نے پولیو ٹیم کی حفاظت پر مامور پولیس کانسٹیبل شہزاد احمد کو فائرنگ کرکے شہید کردیا تاہم پولیو ورکرز فائرنگ سے محفوظ رہے اطلاع ملتے ہی ضلعی انتظامیہ اور محکمہ صحت کے حکام موقع پر پہنچ گئے اور مذکورہ علاقے میں مہم معطل کردی جبکہ پولیس نے شہید اہلکار کو ہسپتال منتقل کردیا ملزمان کی گرفتاری کیلئے علاقے کی ناکہ بندی کردی گئی، دریں اثناء شہید پولیس اہلکار شہزاد احمد منگوچر کے لواحقین نے لاش سڑک پر رکھ کر دھرنا دیا اس موقع سربراہ منگوچر قبائل کے سردار کمال خان منگوچر بھی موجود تھے ڈپٹی کمشنر یاسر اقبال ڈی ایس پی راشد احمد زہری سے کامیاب مذاکرات کے بعد قومی شاہراہ ٹریفک کے لئے کھول دی گئی۔ علاوہ ازیں گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ نے مستونگ میں پولیو ڈیوٹی پر تعینات پولیس اہلکار پر فائرنگ کے نتیجے میں پولیس کانسٹیبل کے شہید ہونے پر گہرے رنج و دکھ کا اظہار کیا ہے۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ ہمارے بچوں کو صحت مند مستقبل فراہم کرنے والوں پر فائرنگ کرنا بزدلی کی علامت ہے۔ انہوں نے تمام قانون نافذ کرنے والے اداروں پر زور دیا کہ وہ ملوث عناصر کو فوری طور پر گرفتار کرکے انہیں انصاف کے کٹہرے میں لایا جائے۔ گورنر نے شہید پولیس کانسٹیبل کی مغفرت کیلئے دعا اور ان کے اہل خانہ سے ہمدردی و یکجہتی کا اظہار کیا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے مستونگ میں پولیو ڈیوٹی پر تعینات پولیس اہلکار پر [illegible] واقعہ کی مذمت کی ہے۔ وزیراعلیٰ نے فائرنگ سے کانسٹیبل شہزاد احمد کے شہید ہونے پر دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے وزیراعلیٰ نے کہا ہے پولیو مہم کو ناکام بنانے کی سازش میں ملوث عناصر قوم کے دشمن ہیں انہوں نے پولیس اور انتظامیہ کو ہدایت کی ہے کہ دہشت گرد عناصر کو قانون کی گرفت میں لایا جائے وزیراعلیٰ نے اس عزم کا اظہار کیا کہ اپنے بچوں کے صحت مند مستقبل کو یقینی بنائیں گے وزیراعلیٰ نے شہید کانسٹیبل کے لواحقین سے تعزیت و ہمدردی کا اظہار کیا۔ ترجمان حکومت بلوچستان فرح عظیم شاہ نے فائرنگ کے نتیجے میں کانسٹیبل محمد شہزاد کے شہید ہونے پر دکھ و افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ملک کی خدمت میں پولیس اہلکاروں کی لازوال قربانیاں ہیں دہشتگردی میں ملوث عناصر کو کیفر کردار تک جلد پہنچایا جائے گا۔

## پشین: سابق ایم پی اے لیاقت آغا کے گھر پر حملہ، دستی بم پھٹنے سے بیٹا زخمی

**حملے کے وقت لیاقت آغا مہمان خانے میں رشتہ داروں کیساتھ موجود تھے، ملزمان کی تلاش شروع**

پشین (نامہ نگار) کربلا میں پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے رہنما اور سابق ایم پی اے سید لیاقت آغا کے گھر پر مسلح افراد نے بھاری ہتھیاروں سے حملہ کیا، دستی بم پھٹنے سے لیاقت آغا کا بیٹا احمد آغا شدید زخمی ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق لیویز نے بتایا کہ جمعہ کو بعد نماز ظہر کلی کربلا میں پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی سیکرٹری مالیات اور سابق رکن صوبائی اسمبلی سید لیاقت آغا اپنے رشتہ داروں کے ساتھ اپنے مہمان خانہ میں بیٹھے تھے کہ اس دوران مسلح افراد نے سیدھے طور پر عقبی دیوار سے ان پر بھاری ہتھیاروں کے ساتھ حملہ کردیا، اس دوران فائرنگ اور ہینڈ گرنیڈ کا آزادانہ استعمال کیا گیا، دستی بم پھٹنے سے سید لیاقت آغا کے صاحبزادے سید احمد اللہ زخمی ہوگئے، واقعہ کی اطلاع ملتے ہی اسسٹنٹ کمشنر پشین بہادر خان کاکڑ لیویز اور کیو آر ایف کے ہمراہ موقع پر پہنچ گئے، اور ملزمان کی تلاش شروع کردی۔

## پنجگور میں فورسز چیک پوسٹ کے قریب ہینڈ گرینڈ سے حملہ

پنجگور (نامہ نگار) چتکان شہر غم چوک کے مقام پر سیکورٹی فورسز کیمپ کے قریب نامعلوم افراد ہینڈ گرینڈ پھینک کر فرار ہوگئے گرینڈ قریبی خالی دکان کی چھت پر زور دھماکے سے پھٹ گیا تاہم کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔

MASHRIQ QUETTA

## سیندک، ڈاکوؤں کی گاڑی پر فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق

نوکنڈی (یو این اے) سیندک کے علاقے جوڑک کے مقام پر ڈاکوؤں کی گاڑی پر فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق ........ بقیہ نمبر 27 صفحہ 9 پر

ہوگیا۔ ذرائع کے مطابق جوڑک کے علاقے میں چوروں نے ایک پک اپ گاڑی کو روکنے کا اشارہ کیا نہ رکنے پر چوروں نے گاڑی پر فائر کھول دیا گاڑی میں سوار محمد رمضان نامی نوجوان جان بحق ہوگیا جبکہ کنڈیکٹر محفوظ رہے نوجوان محمد رمضان اپنے گھر کا واحد کفیل تھا جس کی وفات پر لواحقین شدید غمزدہ ہے عوامی حلقوں نے سخت تشویش کا اظہار کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے غمزدہ خاندان کو انصاف فراہم کرنے کے لیے قاتلوں کو فوری گرفتار کیا جائے۔

INTEKHAB QUETTA

## قلات پولیس کی منشیات کے خلاف کامیاب کارروائی منشیات فروش گرفتار

قلات (آن لائن) قلات پولیس کی منشیات کے خلاف کامیاب کارروائی منشیات فروش گرفتار، چرس برآمد انسپکٹر جنرل آف پولیس بلوچستان عبدالخالق شیخ و ڈی آئی جی قلات ریج محمد پرویز خان عمرانی کی منشیات کے خلاف خصوصی کمپین میں ایس ایس پی قلات دوستین بقیہ نمبر 68 صفحہ 7 پر

دشتی کی ہدایت پر DSP/SDPO منظور احمد مینگل کے زیر نگرانی میں ایس ایچ او قلات خدائے رحیم عالیزئی، SI محمد انور ASHO نذیر احمد عمرانی نے پولیس ٹیم کے ہمراہ کامیاب کارروائی کرتے ہوئے ملزم جلیل احمد ولد علی احمد قوم دہوار سکنہ گیاوان قلات کو گرفتار کرلیا گیا ملزم سے چرس برآمد کرکے ملزم کے خلاف مقدمہ 20/2023 جرم زیر 9(1)(3)A درج کرلیا گیا۔

عوامی مسائل

# CLIPPING SERVICE


DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 5　　DATE: 20 MAY 2023　　Page No: 15


# تالابوں میں ذخیرہ ختم، ڈیرہ اللہ یار کے شہریوں کو پانی کے بدترین بحران کا سامنا

## شہریوں کو وارہ بندی کے تحت پانی کی سپلائی بحال رکھنے کی کوششیں، ٹینکر مافیا نے ٹینکر کی قیمت میں یکمشت ایک ہزار روپے کا اضافہ کر دیا

### بچے اور خواتین پانی کیلئے اڑوس پڑوس کے دروازے کھٹکھٹانے پر مجبور، شہر کا کوئی پرسان حال نہیں، پی ایچ ای حکام ٹھپ، لوگوں کی دہائیاں

ڈیرہ اللہ یار (رپورٹ دھنی بخش مگسی) ڈیرہ اللہ یار کے شہریوں کو پینے کے پانی کے بدترین بحران کا سامنا، پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کے تالابوں میں پانی کا ذخیرہ ختم ہونے کو ہے پانی کی کمی کے باعث شہریوں کو وارہ بندی کے تحت پانی کی سپلائی بحال رکھنے کی کوششیں کی جارہی ہیں چھوٹے بچے اور خواتین پانی کی تلاش میں اڑوس پڑوس کے دروازے کھٹکھٹانے پر مجبور ہو گئے ٹینکر مافیا نے پانی کے بحران کا فائدہ لیتے ہوئے ٹینکر کی قیمت میں یکمشت ایک ہزار روپے کا اضافہ کر دیا مشرق رپورٹ کے مطابق بلوچستان کے سب سے بڑے اور گنجان آبادی پر مشتمل ڈیرہ اللہ یار کے شہریوں کو گزشتہ کئی دنوں سے پینے کے پانی کے شارٹ فال کا سامنا ہے محکمہ پی ایچ ای کے حکام نے بتایا ہے کہ نہروں کی سالانہ بھل صفائی کے دوران پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کے تالابوں میں ذخیرہ آب اب ختم ہونے کو ہے نہروں میں پانی کے بندش کے دورانیہ میں اضافے کے باعث شہریوں کو پینے اور گھریلو استعمال کیلئے پانی کی سپلائی میں ہمیں مشکلات کا سامنا ہے پانی کی کمی کو مدنظر رکھتے ہوئے شہریوں کو مرحلہ وار پانی کی سپلائی بحال رکھے ہوئے ہیں تاہم سخت گرمی اور پانی کے کھپت کے باعث شہریوں کو مشکلات درپیش ہیں پٹ فیڈر کینال سے پانی کی فراہمی آئندہ چند دنوں تک شروع ہو جائے گی جس کے بعد شہر کے تمام گلی محلوں میں پانی کی سو فیصد سپلائی کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا دوسری جانب شہید مراد کالونی، نیو بلوچ کالونی، معشوق چوک، جنی گولہ، میرالی کالونی، جتوئی کالونی، بلن بابا کالونی، عمرانی کالونی، ہاگزی محلہ، بھٹی کالونی، ابڑو کالونی، کرم شاہ کالونی، بھنگر کالونی، جکھرا کالونی سمیت کئی علاقوں میں پینے کا پانی ناپید ہو گیا بہادر علی لاشاری برکت علی لاشاری و دیگر نے مشرق کو بتایا کہ گزشتہ ایک ماہ سے شہید مراد کالونی کی ایک بڑی آبادی کو پینے کے پانی کے تاریخی بحران کا سامنا ہے بدقسمتی سے پانی کے شیڈول پر کسی صورت عمل درآمد نہیں کیا جا رہا ہے اہل محلہ راتوں کو جاگ کر پانی کی باری کے انتظار میں شدید ذہنی اذیت اور کوفت میں مبتلا ہو چکے ہیں شہر کا کوئی پرسان حال نہیں انہوں نے محکمہ پبلک ہیلتھ کے حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ شہریوں کے حال پر رحم کرتے ہوئے انہیں پینے کے پانی کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے دوسری جانب ٹینکر مافیا نے پانی کے بحران کا فائدہ لیتے ہوئے فی ٹینکر پانی کے نرخوں میں از خود اضافہ کر دیا ہے مہنگائی کے مارے شہری پانی کے بوند بوند کو ترس گئے ہیں۔


INTEKHAB QUETTA


# حب، لسبیلہ سمیت ملک بھر میں بجلی کی قیمتیں اور گیس بحران میں اضافہ کا امکان

## ملک بھر کے ڈسکوز صارفین کیلئے بجلی کی قیمتوں میں دو روپے ایک پیسہ جبکہ کے الیکٹرک صارفین کیلئے یہ اضافہ 5 روپے 65 پیسے ہوسکتا ہے

### تیل وگیس تلاش کرنے والی مقامی کمپنیوں کو عدم ادائیگیاں، کمپنیوں نے ڈرلنگ سرگرمیاں 50 فیصد کم کر دیں، گیس کے مزید بحران کا خدشہ

اسلام آباد (این این آئی) ملک بھر کے صارفین کے لیے بجلی کی قیمتوں میں اضافے کا امکان ہے، ڈسکوز صارفین کیلئے بجلی کی قیمتوں میں دو روپے ایک پیسہ فی یونٹ اضافہ ہوسکتا ہے، کراچی کے شہریوں کے فی یونٹ قیمت میں پانچ روپے پینسٹھ پیسے مہنگی ہوسکتی ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق سی پی پی اے اور کے الیکٹرک کی جانب سے نیپرا اتھارٹی میں بجلی کی قیمتوں میں اضافے کے متعلق درخواست جمع کرادی گئی۔ تیل وگیس تلاش کرنیوالی مقامی کمپنیوں کو عدم ادائیگیوں کے باعث کمپنیوں نے ڈرلنگ سرگرمیاں 50 فیصد تک کم کر دی ہیں جس سے موسم گرما میں گیس


بقیہ نمبر 86 صفحہ 7 پر


بحران کا خدشہ بڑھ گیا، مقامی کمپنیوں نے صورتحال سے وزارت پیٹرولیم کو آگاہ کر دیا۔ کمپنیوں نے وزارت پیٹرولیم کو صورتحال سے آگاہ کر دیا۔ سوئی گیس کمپنیوں کی جانب سے 1244 ارب روپے کے بقایا جات کی ادائیگیاں نہ کرنے کی وجہ سے بحران پیدا ہوا مالی مشکلات کے باعث کمپنیوں کی جانب سے ٹھیکیداروں، آپریٹرز کو رقوم کی ادائیگی، رائلٹی، ورک ریجنل اور سروسز ٹیکس کی ادائیگی رک گئی ہے۔ ذرائع کا کہنا تھا کہ تیل گیس کی تلاش کیلئے 65 کنوؤں کے مقابلے میں صرف 32 کنویں کھودے گئے۔

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

Daily: Baakhabar Quetta

Bullet No. 6 DATE: 20 MAY 2023 Page No: 17


## نئی مردم شماری، بلوچستان کی آبادی میں 74 فیصد اضافہ

سرکاری اعداد و شمار کے مطابق حالیہ مردم شماری میں بلوچستان کی آبادی بڑھ کر دو کروڑ پندرہ لاکھ تک پہنچ گئی ہے سابق مردم شماری کے مقابلے میں صوبے کی آبادی میں 74 فیصد (اکیانوے لاکھ نفوس کا) اضافہ ریکارڈ کیا گیا اس کے برعکس پنجاب میں یہ اضافہ دس فیصد سندھ میں اٹھارہ فیصد خیبر پختونخواہ میں گیارہ فیصد ہوا ہے۔ تازہ اعداد و شمار کے مطابق آبادی میں بلوچستان کا تناسب چھ فیصد سے بڑھ کر نو فیصد ہو چکا ہے۔ مردم شماری کے تصدیق شدہ اعداد و شمار تو کچھ عرصے بعد جاری ہونگے لیکن ان میں کوئی بڑا فرق نہیں ہوگا اس لئے ابھی جاری ہونے والے اعداد و شمار ہی درست سمجھے جاسکتے ہیں اعداد و شمار کے مطابق واشک پنجگور اور خاران کی آبادی میں گزشتہ مردم شماری کے مقابلے میں 224 سے 268 فیصد تک ہرنائی کی آبادی میں ایک سو باون فیصد زیارت کی آبادی میں ایک سو پندرہ فیصد اضافہ سامنے آیا ہے اس اضافے کے بعد اب این ایف سی میں بلوچستان کے حصے قومی اور صوبائی اسمبلیوں میں صوبے کی نشستوں اور ملازمتوں میں کوٹے میں اضافہ یقینی ہوگیا ہے۔ صوبے کی آبادی میں اتنا بڑا (74 فیصد) اضافہ کیسے ممکن ہوا اس کی کوئی نہ کوئی وجوہات تو لازماً ہوں گی ہوسکتا ہے سابق مردم شماری صحیح نہ ہوئی ہو جیسا کہ ایم کیو ایم کا موقف ہے کہ کراچی اور حیدر آباد کی آبادی کی صحیح گنتی نہیں کی گئی اس لئے ممکن ہے کہ سابق مردم شماری میں بلوچستان کی گنتی بھی درست نہ ہو اس کے علاوہ صوبے کے حالات کی وجہ سے صوبے کے لوگوں کی بھاری تعداد کی نقل مکانی کی وجہ سے سابق مردم شماری درست نہ ہوئی ہو یہ ساری وجوہات اور صحیح صورتحال چند

اسمبلیوں کی نشستوں اور ملازمتوں کے کوٹے میں اضافے سے صوبے کو یقینی طور پر کافی فائدہ پہنچے گا۔

## روڈ ٹو مکہ پراجیکٹ، پاک سعودی مفاہمتی یادداشت پر دستخط

پاکستان اور سعودی عرب نے روڈ ٹو مکہ پراجیکٹ کے حوالے سے مفاہمتی یادداشت پر دستخط کر دیئے ہیں جس کے تحت اسلام آباد سے جانے والے عازمین حج کی ملک میں ہی امیگریشن ہوگی۔ سعودی نائب وزیر داخلہ اور پاکستان کے وزیر داخلہ نے مفاہمتی یادداشت پر دستخط کئے دونوں وزراء کے درمیان مذاکرات میں اس بات سے اتفاق کیا گیا کہ روڈ ٹو مکہ پراجیکٹ کو پاکستان میں مکمل طور پر نافذ کرنے کے لئے اقدامات اٹھائے جائیں گے تاکہ تمام عازمین حج کو ملک کے اندر ہی امیگریشن کی سہولت فراہم کر کے انہیں سعودی عرب کے ایئرپورٹ پر پیش آنے والی مشکلات سے نجات دلائی جاسکے غالباً اگلے سال اس پراجیکٹ کو لاہور اور کراچی تک وسعت دی جائے گی بعد ازاں کوئٹہ کو بھی اس میں شامل کیا جائے گا اس منصوبے کا پاکستان میں مکمل نفاذ عازمین حج کے لئے بہت زیادہ سہولتیں پیدا کرے گا اس لئے کوشش یہ کی جائے کہ اگلے سال تمام پاکستانی حجاج اسی سہولت کے ساتھ فریضہ حج ادا کریں مذاکرات میں سعودی جیلوں میں قید پاکستانیوں کی رہائی اور دیگر دوطرفہ امور بھی زیر غور آئے اور اس حوالے سے دونوں نے تعاون کو فروغ دینے سے اتفاق کیا سعودی عرب میں لاکھوں پاکستانی روزگار کے لئے مقیم ہیں جو نہ صرف سعودی عرب کی ترقی و خوشحالی میں اپنا کردار ادا کر رہے ہیں بلکہ پاکستانی معیشت کو بھی زر مبادلہ کی شکل میں بہت بڑا فائدہ پہنچا رہے ہیں پاکستان اور سعودی عرب کے مابین دفاع سمیت کئی شعبوں میں وسیع تر تعاون موجود ہے جسے مزید وسعت دینے کی ضرورت ہے۔ وزیر اعظم نے بھی سعودی نائب وزیر داخلہ سے ملاقات میں اس یقین کا اظہار کیا ہے کہ پاک

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No.______ DATE: 20 MAY 2023 Page No: ______


## پاک ایران تعلقات میں نئی پیشرفت، بجلی ٹرانسمیشن لائن اور بارڈر مارکیٹ کا افتتاح

پاک ایران تعلقات میں اہم پیشرفت سامنے آئی ہے۔ وزیراعظم پاکستان شہباز شریف اور ایرانی صدر ابراہیم رئیسی نے پاکستان اور ایران کے درمیان سرحد پر تجارت کے فروغ کے لیے بارڈر مارکیٹ کا افتتاح کر دیا، بارڈر مارکیٹ کے قیام سے سرحد کے دونوں اطراف رہنے والے لوگوں کے لیے روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے اور سمگلنگ کی روک تھام ہو سکے گی۔ اس کے علاوہ پولان گبد ٹرانسمیشن لائن سے ایران سے 100 میگا واٹ اضافی بجلی ملے گی۔ اس موقع پر وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری اور وزیر اطلاعات مریم اورنگزیب بھی موجود تھیں۔ دونوں ممالک نے ایک فہرست شائع کی ہے جس کے مطابق ہم ایران سے خام مال اور کیمیکل منگوائے گا اور جواب میں ہم اجناس لے سکیں گے۔ دوسری جانب کھانے پینے کی اشیاء اجناس لاہور اور کراچی کی مارکیٹس کو فائدہ پہنچا سکتی ہیں۔ ایران کی طرف سے تجارتی اشیاء کی 33 اشیا پر مشتمل فہرست پاکستان حکام کو دی گئی، جس میں ہائیڈرو کاربن گیس، لیکوئیڈ گیس، خشک اور تازہ کھجور، سراکس، خشک سبزیاں، تازہ اور خشک پستہ، سٹیل، تازہ جوسز، دودھ اور کریم شامل ہیں۔ پاکستان نے ایران کو چاول کے علاوہ تازہ اور خشک امرود، تیار ملبوسات، پولیمر، ٹیکسٹائل فیبرکس، طبی آلات، گوشت اور آم سمیت دیگر اشیا کی فہرست دی ہے۔ پاک ایران سرحد پر ایک مارکیٹ کھول دی گئی ہے جبکہ مزید دو مارکیٹیں کھولنے پر ابھی کام جاری ہے جو جلد کھول دی جائیں گی۔ تفتان سے متصل ایرانی سرحد پر بند بازارچہ دروازے کا بھی افتتاح کر کے اسے تجارت کے لیے کھولا گیا ہے، جس سے اس علاقے میں روزگار میں اضافہ ہوگا۔ بلوچستان کے کئی اضلاع میں ابھی تک بجلی نہیں پہنچ سکی، جس بنا پر وہ اضلاع پسماندگی کا شکار ہیں۔ پاکستان نے ان اضلاع کی پسماندگی کے خاتمے کے لیے ایران سے 100 میگاواٹ بجلی کا معاہدہ کیا تھا۔ نو مہینے کی قلیل مدت میں ایران سے گوادر تک ٹرانسمیشن لائن بچھائی گئی۔ پاک ایران تعلقات خطے میں معاشی تبدیلی، امن و استحکام کے لیے نہایت ضروری ہیں پاکستان جو اس وقت معاشی چیلنجز کا سامنا کر رہا ہے اس میں ایران کے ساتھ ہونے والے معاہدوں سے فرق آئے گا مگر اس سے بھی بڑی پیشرفت پاک ایران گیس پائپ لائن، بجلی منصوبہ، آزاد سرحدی تجارت ہے جس پر دونوں ممالک کے سربراہان کی جانب سے بات چیت کرنی چاہیے اور اہم ترین منصوبوں پر بغیر کسی تاخیر کے معاہدے کرنے چاہئیں۔ ایران پاکستان کا دیرینہ دوست ہے اور بدترین حالات میں پاکستان کے ساتھ کھڑا رہا ہے اور پاکستان نے بھی ایران کے ساتھ برادرانہ تعلقات کو ہمیشہ قائم رکھنے کے لیے ہر قسم کا تعاون کیا ہے۔ دونوں برادر اسلامی ممالک کے لیے اس وقت جو چیز سب سے زیادہ ضروری ہے وہ قربت ہے جو تجارت و سفارت کے ساتھ ممکن ہے۔ خطے میں مستقبل کے لیے معاشی تبدیلی کے حوالے سے دونوں ممالک کا کردار انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔ لہٰذا دونوں ممالک کے درمیان جتنی جلد ہو سکے معاشی تعلقات میں تیزی لانے کی ضرورت ہے اور اس کے لیے کلیدی کردار دونوں ریاستوں کے ذمہ داران کا ہے کہ کس طرح سے تجارتی، سفارتی اور دفاعی تعلقات کو مزید فروغ دینے کے لیے بہترین میکنزم تیار کریں گے تاکہ اس کے ثمرات دونوں ممالک کے لوگوں کو پہنچ سکے۔ آج دنیا میں سیاسی اور معاشی حوالے سے بڑی تبدیلیاں رونما ہو رہی ہیں۔ عالمی دنیا میں بڑی طاقتیں اپنے پنجے گاڑھ کر دیگر ممالک کی مارکیٹوں تک رسائی حاصل کر رہی ہیں اسی طرح پاکستان ایران سمیت ہمسایہ ممالک کے درمیان بہترین معاشی، سفارتی اور دفاعی تعلقات خطے کے لیے گیم چینجر ثابت ہوں گی۔ امید ہے کہ مستقل بنیادوں پر پاک ایران تعلقات آگے بڑھیں گی اور ترقیاتی منصوبوں میں کوئی تاخیر نہیں کی جائے گی تاکہ پاکستان میں موجود معاشی بحران کا خاتمہ یقینی ہو سکے۔

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان**

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 46 DATE: 20 MAY 2023 Page No: 18

# لاپتہ افراد: جائزے کا دوسرا رخ

تلخ نوائی

اشرف شریف



لاپتہ افراد کا معاملہ عموماً کسی ایک پہلو سے دیکھا جاتا ہے۔ نقصان یہ ہوتا ہے کہ دوسرے پہلوؤں کو نظر انداز کرنے سے یہ معاملہ یکطرفہ موقف بن کر رہ جاتا ہے جو ہمیشہ متنازع رہتا ہے۔ لورنا فرگوسن یونیورسٹی آف ویسٹرن اونٹاریو کینیڈا سے وابستہ پی ایچ ڈی ہیں۔ وہ مسنگ پرسنز ریسرچ حب کی بانی ہیں۔ کینیڈا میں مسنگ پرسنز کے معاملے پر انہوں نے ایک تحقیق کی۔ وہ کہتی ہیں کہ پہلے پہل لاپتہ افراد سے مراد وہ لوگ تھے جو سیریل قاتل تھے اچانک غائب ہو گئے پراسرار طور پر گم ہوئے یا عوامی زندگی میں مجرمانہ طور پر بدنام تھے۔ اس موضوع پر کئی کرائم شو ہوئے۔ عوام لاپتہ افراد کے امور پر تحقیق کرنے والوں' پولیس اور سکیورٹی اداروں سے براہ راست رابطے میں نہیں ہوتے اس لئے اکثر اوقات وہ غائب ہونے والے یا لاپتہ کر دیے گئے شخص کے پسماندگان اور گھریلو حالات کی بنیاد پر ان سے اظہار ہمدردی کرتے ہیں۔ معلومات کی کمی قانون نافذ کرنے والے اداروں کے خلاف پروپیگنڈہ میں معاونت فراہم کرتی ہے۔ لاپتہ افراد کے معاملے کو پاکستان میں زیادہ تر بلوچستان میں پرتشدد تنظیموں کی سرگرمیوں کے تناظر میں پیش کیا جاتا ہے۔ جب کوئی عسکریت پسند گرفتار ہو یا مارا جائے تو قانون نافذ کرنے والے ادارے اس کا اعلان کرتے ہیں۔ کچھ عرصہ قبل کراچی میں خودکش جیکٹ کے ساتھ گرفتار خاتون ماہل بلوچ اور چند ہفتے قبل گرفتار گلزار امام شمبے کی مثال موجود ہے۔ بلوچستان میں لاپتہ افراد کا معاملہ مسلسل یکطرفہ پروپیگنڈہ کے ساتھ پیش کیا جا رہا ہے جس میں ساری ذمہ داری قانون نافذ کرنے والے اداروں پر عائد کی جاتی ہے۔ اس امر پر توجہ دی جاتی کہ کئی بار عسکریت پسند منحرف ہونے والے اپنے ساتھیوں کو مار دیتے ہیں یا انہیں قید کر لیتے ہیں۔ ایسی رپورٹس موجود ہیں جن کے مطابق لاپتہ سمجھے جانے والے افراد یورپ میں پناہ گیر کے طور پر ملے۔ ریاست کو ظالم انسانی حقوق کی خلاف ورزی کی مرتکب اور بنیادی حقوق غصب کرنے والی طاقت قرار دے کر بہت سے لوگ مغربی ملکوں میں پناہ لیتے ہیں۔ یہ ایسا ہی ہے جیسے پاکستان کے پرامن علاقوں سے باہر منتقل ہونے کے لئے کچھ افراد اپنا مذہب تبدیل کرنے کا جواز پیش کرتے ہیں اور کچھ ٹرانس جینڈر ہو گئے ہیں رائٹس کے نام پر ریاست پاکستان کو ظالم قرار دے کر مغربی ریاستوں میں پناہ چاہتے ہیں۔ بنیادی مسئلہ معیشت ہے۔ لاپتہ افراد سے جڑے اکثر قصے معاشی مجبوریوں، دباؤ اور دشمن کے ہاتھوں استعمال ہونے کا واقعہ نکلتے ہیں۔ کچھ لوگ ہر حال میں اپنے ملک اور لوگوں کے ساتھ رہتے ہیں اور کچھ کسی بھی جواز کے ساتھ ملک سے نکلنا چاہتے ہیں۔ بلوچستان میں ایک معاملہ یہ بھی سامنے آیا ہے کہ عسکریت پسند اغوا برائے تاوان جیسی وارداتوں میں ملوث ہو جاتے ہیں۔ ایسی سرگرمیوں کے دوران وہ سکیورٹی اداروں کی یونیفارم استعمال کرتے ہیں تاکہ بدنامی ہو۔

2012 میں لاپتہ افراد کمیشن کے سربراہ جسٹس جاوید اقبال نے میڈیا کو اس وقت کی موصول شکایات کے متعلق آگاہ کیا تھا۔ ان کے مطابق وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کمیشن کو 945 لاپتہ افراد کی فہرست بھیجی لیکن اس فہرست میں پینتالیس افراد کے بھی کوائف مکمل نہیں تھے، کمیشن نے صوبائی حکومت کو فہرست درست کرنے کے لیے بھجوائی لیکن وہ دوبارہ موصول ہی نہیں ہوئی۔ کمیشن کے سربراہ کا کہنا تھا کہ دہشت گردی کے مقدمات میں ملوث افراد بھی لاپتہ افراد کی فہرست میں شامل کر دیے گئے جبکہ بیرون ملک مقیم کچھ لوگوں کے نام اس فہرست کا حصہ ہیں۔ جسٹس (ر) جاوید اقبال نے جب بتایا کہ ایک ہفتے کے دوران بارہ افراد کو بلوچستان سے بازیاب کرایا گیا، کچھ لاپتہ افراد افغانستان میں موجود ہیں لیکن ان تک رسائی حاصل نہیں کیونکہ وہ علاقے امریکا کے کنٹرول میں تھے۔ شکایات موصول ہونے پر 2011ء میں حکومت نے جبری گمشدگیوں کے معاملے کی تحقیق کے لئے ایک انکوائری کمیشن قائم کیا۔ ایمنسٹی انٹرنیشنل کے مطابق 2021ء تک کمیشن کو 3000 درخواستیں ملیں۔ کمیشن کے اعداد و شمار کے مطابق اس کے قیام سے لے کر اب تک 7 ہزار درخواستیں ملیں جن میں سے 5 ہزار کا معاملہ نمٹا دیا گیا۔ پارلیمنٹ اور ادارے لاپتہ افراد کے مسئلے کو سنجیدگی سے دیکھ رہے ہیں۔ سیاسی نظام کی کم اہلی اپنی جگہ لیکن سماج کے تحفظات کو بھی نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ ایک رپورٹ کے مطابق لاپتہ ہونے یا لوگوں کی جبری گمشدگی کا معاملہ پوری دنیا میں ہے۔ مختلف ملکوں میں اس کی وجوہات الگ الگ ہیں۔ 2018ء سے 2022ء کے درمیان امریکہ میں 5 لاکھ 21 ہزار 705 افراد غائب ہوئے اسی مدت میں برطانیہ کے 2 لاکھ 41 ہزار 64 افراد لاپتہ ہوئے ان چار برسوں کے دوران جرمنی میں 11 ہزار، بھارت میں 3 لاکھ 47 ہزار 524 اور نیپال میں دس ہزار 418 افراد لاپتہ ہوئے۔ پاکستان میں اس دوران دو ہزار کے قریب افراد کے لاپتہ ہونے کی شکایات ملیں۔ ان اعداد و شمار کا جائزہ لینے سے پتہ چلتا ہے کہ پاکستان کی سکیورٹی صورتحال کو جواز بنا کر شہریوں کی جبری گمشدگی کے واقعات کو بڑھا چڑھا کر بتایا جاتا ہے۔ افسوسناک امر یہ ہے کہ کچھ اہم شخصیات انسانی حقوق کے نام پر حقائق کا ادراک کئے بنا ریاست پاکستان کو مجرم بنا کر پیش کر دیتی ہیں۔ لاپتہ افراد یا جبری گمشدگیوں کے معاملے کو سادہ نہیں سمجھنا چاہیے۔ یہ نئی طرز کی جنگ میں بطور ہتھیار استعمال ہونے والا موضوع ہے۔ بھارت کو مقبوضہ کشمیر کے محاذ پر عالمی تنقید کا سامنا ہے۔ وہ ہائبرڈ جنگ میں پاکستان کو انسانی حقوق کی خلاف ورزی کا مرتکب قرار دینا چاہتا ہے۔

یہ امر بھی قابل غور ہوگا کہ بلوچستان میں جن افراد کے لاپتہ ہونے کی شکایت ملتی ہے ان کی 99 فیصد تعداد کا تعلق بی ایل اے کے ساتھ نکلتا ہے۔ ریاست پاکستان کے ساتھ اس کھلواڑ کا اندازہ اس بات سے کیا جا سکتا ہے کہ پرل کانٹی نینٹل ہوٹل گوادر پر حملہ کرنے والے تمام دہشت گرد وہ افراد نکلے جنہیں لاپتہ قرار دیا جا چکا تھا۔ ان معروضات کی روشنی میں لاپتہ افراد کا معاملہ دیکھا جائے تو یقیناً تصویر مختلف بنے گی۔

Bullet No.________ DATE: 20 MAY 2023 Page No: ________



چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی لینڈ ایویلیوایشن کمیٹی اجلاس کی صدارت بذریعہ ویڈیو لنک کر رہے ہیں

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان**

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.________ DATE: 20 MAY 2023 Page No: ________



کوئٹہ: گورنر ملک عبدالولی کاکڑ بلوچستان پبلک سیکٹر یونیورسٹیز کی وائس چانسلرز کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں



کوئٹہ: گورنر ملک عبدالولی کاکڑ کا آل وائس چانسلرز کانفرنس کے شرکاء کے ساتھ گروپ



کوئٹہ: گورنر ملک عبدالولی کاکڑ بلوچستان ہزارگی کلچر ڈے کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

MASHRIQ QUETTA



کوئٹہ، گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ بلوچستان سول سیکرٹری اسٹاف ایسوی ایشن کے صدر کامریڈ یونس زہری کو سوینیر دے رہا ہے

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.________ DATE: 20 MAY 2023 Page No:________



انجینئر زمرک اچکزئی، اصغر باچاخان، محب اللہ پیر علیزئی کلی شاگزئی، مسیزئی، حبیبزئی، عبدالرحمانزئی اور قطب پیر علیزئی میں فاتحہ خوانی کررہے ہیں



کوئٹہ: پارلیمانی سیکرٹری ڈاکٹر ربابہ بلیدی اجلاس کی صدارت کررہی ہیں



صوبائی مشیر ڈاکٹر ربابہ بلیدی کو شاہ ورانی سوینئر دے رہی ہیں




صوبائی وزیر مبین خلجی پی ٹی آئی سے مستعفی ہونے کے موقع پر پریس کانفرنس کررہے ہیں